## پاکستان کی بقاء پنجاب کی نوجوان نسل کے ہاتھوں میں ہے، الطاف حسین

## پنجاب کے عوام خصوصاً نوجوان سب کو آزما چکے ہیں ایک بار ایم کیوایم کو بھی ضرور آزمائیں گے

## صوبہ پنجاب سے آئے ہوئے صحافیوں کے نمائندہ وفد سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ٹیلی فونک گفتگو

لندن۔۔۔26، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کی بقاء اوراس کا مستقبل پنجاب کی نوجوان نسل کے ہاتھوں میں ہے ۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر بھٹ شاہ کے جلسہ عام میں شرکت کرنے والے پنجاب سے تعلق رکھنے والے سینئر صحافیوں کے ایک وفد سے لندن سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی ۔وفد میں ذوالفقارراحت، وجاہت مسعود، عدنان ملک، میاں اشفاق انجم، شعیب جمیل، ظفر چاچڑ، سابق DGPR پنجاب محمد حسین ملک اورسیف الرحمان پر شامل تھے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کے مراکز میں ایم کیوایم واحد سیاسی جماعت ہے جس کے مرکز نائن زیرو پر آپ کو حقیقی معنوں میں پاکستان نظر آئے گا، نائن زیرو پر سندھی، بلوچی، پنجابی، سرائیکی، پٹھان، ہزارے وال اور کشمیری سمیت مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کام کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ انقلاب راتوں رات نہیں آتے جو چیز راتوں رات آتی ہے وہ راتوں رات ہی ختم ہوجاتی ہے، ایم کیوایم جس انقلاب کیلئے بڑھ رہی ہے یہ انقلاب ضرور آئے گا ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد حق پرستانہ ہے اورحق پرستی کی جدوجہد کرنے والوں کو کٹھن مراحل اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے میں نے ملک بھر کے ہاریوں، کسانوں کو اندھیرے میں نہیں رکھا بلکہ ان سے کہا ہے کہ حقوق کی جدوجہد میں آپ پر کڑی آزمائشیں آئیں گی، انہیں برداشت کرنا ہوگا اور نامساعد حالات کا سامنا کرنا ہوگا تاکہ ہماری آئندہ نسلوں کا مستقبل سنور سکے ۔انہوں نے صحافیوں کے ذریعے پنجاب کی نوجوان نسل کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بقاء پنجاب کی نوجوان نسل کے ہاتھوں میں ہے، لہٰذا طلبہ وطالبات آگے بڑھیں اور پاکستان کے لئے اپنی اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں ۔انہوں نے کہا کہ پنجاب کے لوگ بہت معصوم اورسادہ لوح ہیں اوران کی معصومیت سے فائدہ اٹھا کر لوگ انہیں بیوقوف بناتے ہیں، ان میں شعور پیدا کرنے کی ضرورت ہے، ان کے ذہن کو بیدار کرنا ہے تاکہ وہ اچھے برے اورجھوٹے کے فرق کو پہنچان سکے ۔انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے اربوں کھربوں روپے لیکر قرضے معاف کرالئے ہیں اگران سے یہ واپس لے لی جائے تو ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کی طرف دیکھنے کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی ۔ جناب الطاف حسین نے پنجاب کے صحافیوں کی نائن زیرو آمد کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آپ کے قلم میں طاقت دے، اہلیان پنجاب کو سلام کہتے ہوئے کہا کہ مجھے امید ہے کہ پنجاب کے عوام خصوصاً نوجوان سب کو آزما چکے ہیں ایک بار ایم کیوایم کو بھی ضرور آزمائیں گے ۔اس موقع پر صحافیوں نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھٹ شاہ کا جلسہ عام تاریخی اورمنظم تھا جبکہ اتنا ڈسپلن ہم نے آج تک کسی سیاسی مذہبی جماعت کے جلسہ میں نہیں دیکھا ۔انہوں نے کہا کہ آپ ملک بھر میں پیار امن اورمحبت کو عام کررہے ہیں اورہم بھی اپنی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کریں گے ۔

## ایم کیوایم میرپورخاص زون کے کارکن ملک یٰسین کی ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں ایم کیوایم میرپورخاص زون جھنڈو سیکٹر کے کارکن ملک یٰسین کی ہلاکت پر دلی رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ملک یٰسین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک یٰسین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔(آمین)

## ایم کیوایم میرپورخاص زون جھنڈوسیکٹر کے کارکن ملک یٰسین نیشنل ہائے وے پر ٹریفک حادثے میں جاں بحق
## ملک یٰسین بھٹ شاہ میں ایم کیوایم کے جلسہ عام کے اختتام کے بعد گھر جارہے تھے کہ راستے میں ان کی کار کو ٹرک نے ٹکر ماردی
## رابطہ کمیٹی کا ملک یٰسین کی ہلاکت پر اظہار افسوس

میرپورخاص۔۔۔26دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون جھنڈوسیکٹر کے کارکن ملک یٰسین ہفتے کی شب نیشنل ہائے وے پر ٹریفک کے حادثے میں جاں بحق ہوگئے ۔ملک یٰسین بھٹ شاہ میں ایم کیوایم کے فقیدالمثال جلسہ عام کے اختتام کے بعد کار میں واپس اپنے گھر جھنڈو جارہے تھے کہ راستے میں نیشنل ہائی وے پر ان کی کار کو ٹرک نے ٹکر ماری جس سے ان کے سر میں شدید چوٹیں آئی اور وہ طبّی امداد ملنے سے پہلے ہی اپنے خالق حقیقی سے جاملے جبکہ ان کے ساتھ موجود ڈرائیو شدید زخمی ہوگئے ۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے نیشنل ہائی وے پر ٹریفک کے خوفناک حادثے میں ایم کیوایم میرپورخاص زون جھنڈوسیکٹر کے کارکن ملک یٰسین کی ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ملک یٰسین مرحوم کیلئے دعائے مغفرت،ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے بھی دعا کی ۔

## قائدتحریک الطاف حسین کے بہنوئی محمد سمیع کی علالت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش
## حق پرست عوام وکارکنان محمد سمیع کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔26،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے بہنوئی محمد سمیع کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے محمد سمیع کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محمد سمیع کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں ۔

## جلسہ عام کو تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرانے پر صوبہ سندھ کے مستقل باشندوں سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تشکر

کراچی۔۔۔26،دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے 25،دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملاکھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے جلسہ عام کو تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرانے پر مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے صوبہ سندھ کے مستقل باشندوں سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ بھٹ شاہ جلسہ عام کی کامیابی صوبہ سندھ کے مستقل باشندوں میں بے مثال اتحاد، پیار، محبت اور یکجہتی کا کھلا مظہر ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سندھ دشمن قوتوں نے اپنے مذموم عزائم کے حصول کیلئے سندھ کے مستقل باشندوں کو برسوں آپس میں لڑایا اور ان میں نفرتوں کی دیواریں کھینچی لیکن قائدتحریک جناب الطاف حسین کے پیغام حق پرستی نے صوبہ سندھ سمیت ملک بھر کے مظلوم عوام میں جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کے ظالمانہ نظام کے خلاف عملی سوچ پیدا کردی اور یقیناً اب وہ عناصر جو کسی بھی سیاسی، مذہبی جماعتوں کی چھتری تلے فرسودہ نظام کا تحفظ کررہے ہیں اور غریب عوام کے حقوق کا استحصال کرتے رہے ہیں وہ انقلاب کو اپنے محلات اور جاگیروں کی جانب بڑھتے دیکھ رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جلسہ عام میں سندھ کے عوام نے بھرپور یکجہتی کا مظاہرہ کرکے ثابت کردیا کہ وہ انہیں کوئی نہیں لڑا سکتا۔رابطہ کمیٹی نے جلسہ عام میں شرکت کرکے اسے بھرپور اور تاریخ ساز کامیابی سے ہمکنار کرانے پر سندھ کی ایک ایک ماؤں، بہنوں، بزرگوں،نوجوانوں، دانشوروں،شعراء کرام اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین صرف صوبہ سندھ ہی نہیں بلکہ ملک بھر کی تمام مظلوم قومیتوں کے حقوق کے حصول کیلئے کوشاں ہیں اور ان کی جدوجہد جلد ہی ملک میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب برپا کرے گی۔

## نواز شریف عوامی انقلاب سے خوف زدہ ہیں، طاہر کھوکھر

مظفرآباد(26 دسمبر 2010)

ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ نواز شریف خود اسٹیبلشمنٹ کے پٹھو رہے ہیں ایم کیو ایم پر الزام تراشی دراصل اس انقلاب سے خوفزدہ ہونے کا ثبوت ہے جو پاکستان کی 98 فیصد عوام اپنے اوپر مسلط دو فیصد ٹولے کو ہٹانے کے لیے لانا چاہتے ہیں اور ایم کیو ایم اس کا ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی۔2005ء کے زلزلے میں نواز شریف کی مسلم لیگ کہاں تھی خود تو جنرل مشرف سے ساز باز کر کے وطن کو خیر باد کہہ گئے تھے۔مظفرآباد کے جلسے میں ایم کیو ایم پر تنقید کا جواب دیتے ہوئے طاہر کھوکھر نے کہا کہ حقیقت اور اپنے ماضی کو نظر انداز کر کے دوسروں پر کیچڑ اچھالنا شیشے کے گھر میں بیٹھ پتھر مارنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام جانتی ہے کہ دوبار اقتدار کے مزے لوٹنے والوں نے ملک کو غربت کے علاوہ کیا دیا اب کس تبدیلی اور پاکستان سے محبت کی بات کرتے ہیں۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ کشمیری عوام باشعور ہیں انہیں معلوم ہے کہ پاکستان سے باہر کاروبار کرنے والوں کو ملک کی کیا فکر ہوسکتی ہے، جو لوگ قومی دولت نچوڑ کر باہر لے جائیں اور وہاں نفع کمائیں وہ ملک کے لیے کیسے خیر خواہ ہوسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جنرل ضیاء الحق کے بغل میں  اقتدار لینے والوں کو دوسروں پر تنقید کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔اقتدار آنی جانی  شے ہے، پاکستان کا استحکام دوسروں کے خیالات کی قدر اور ایک دوسرے کو برداشت کرنے میں ہی مضمر ہے۔

☆☆☆☆☆